پشاور میں پادریوں سمیت مسیحی برادری کے کئی افراد کے اغواء کے گھناؤنے واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔الطاف حسین

یہ واقعہ پاکستان کی پیشانی پرایک بدنماداغ ہے جس سے دنیا بھرمیں پاکستان کا امیج مزید خراب ہوا ہے۔الطاف حسین

عیسائی برادری سمیت تمام مذہبی اقلیتوں کے عوام کی جان ومال اورعبادت گاہوں کوتحفظ فراہم کیا جائے

دہشت گردی کے اس واقعہ پرمسیحی مغویوں سمیت پوری عیسائی برادری سے الطاف حسین کا اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔23جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ سرحد کے شہرپشاور میں دو پادریوں سمیت مسیحی برادری کے کئی افراد کے اغواء کے گھناؤنے واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اوروا قعہ میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفور گرفتار کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مسیحی برادری کے افراد کے اغوا کے اس واقعہ نے نہ صرف پاکستان میں آباد عیسائی برادری اور دیگر مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام میں عدم تحفظ کے احساس کو پیدا کیا ہے بلکہ یہ واقعہ پاکستان کی پیشانی پرایک بدنماداغ ہے جس سے دنیا بھرمیں پاکستان کا امیج مزید خراب ہوا ہے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ پرمغویوں سمیت پوری عیسائی برادری سے یکجہتی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ اگر چہ مغویوں کوفوری طور پر بازیاب کرالیا گیا ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ پادریوں سمیت مسیحی برادری کے کئی افراد کے اغواء کے گھناؤنے واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اوراغوا کے مذموم واقعہ میں ملوث تمام دہشت گردوں کوفی الفورگرفتار کر کے سخت سے سخت سزادی جائے اورصوبہ سرحد سمیت پورے ملک میں عیسائی برادری سمیت تمام مذہبی اقلیتوں کے عوام کی جان ومال اورعبادت گاہوں کوتحفظ فراہم کیا جائے۔

الطاف حسین نے مولانا فضل الرحمٰن کوفون کر کے ان کی خیریت دریافت کی

لندن۔۔۔23جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کوفون کر کے ان کی خیریت دریافت کی ۔انہوں نے مولانا فضل الرحمٰن کی صحتیابی کیلئے دعا کی اوران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔مولانا فضل الرحمٰن نے فون کر کے خیریت دریافت کرنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

عوام وکارکنان جمعیت علماالسلام(ف) کے مولانا فضل الرحمٰن کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعائیں کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔23جون2008ء

متحدہ قومی مومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمعیت علماالسلام(ف) کے مولانا فضل الرحمٰن کی علالت پرگہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نےعوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ مولانا فضل الرحمٰن کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعائیں کریں۔

☆☆☆☆☆